Urdu

ایچ ڈی ایس بی سکول تک رسائی-ایلیمنٹری کے کے والدین/سرپرستوں کے لیے آداب وضوابط(پروٹوکول)

والدین یا سرپرستوں کے لیے سکول میں داخل ہوتے وقت کی ذمہ داریاں:

1. سکول تک رسائی حاصل کرنے کے لئے لازم ہے کہ آپ:
   a. نظامِ تنفس کی بیماریوں کی علامات سے مبرّا (سمپٹم فری) ہوں
   b. نے سکول میں داخل ہونے کی تاریخ سے چودہ روز قبل تک کینیڈا سے باہر کا سفر اختیار نہ کیا ہو
   c. کسی کووِڈ-19 کے مصدقہ مریض یا کووِڈ-19 سے ملتی جلتی علامات (بخار، نئی کھانسی، سانس لینے میں دشواری) والے شخص کا خیال رکھا یا اس سے جانتے بوجھتے رابطہ قائم نہ کیا ہو

اگر مندرجہ بالا شرائط میں سے کوئی بھی آپ پر لاگو ہوتی ہے تو براہ کرم سکول میں مت آئیں۔ آپ کو عوامی صحت سے متعلقہ اتھارٹیز کی بتائی ہوئی ترجیحات پر عمل کرنا چاہیے۔

آپ کو ایک ذاتی خود-تجزیہ کرنے کے بارہ میں بھی غور کرنا چاہیے

a. کیا آپ 70 سال سے زائد العمر ہیں؟
b. کیا آپ اِمیونو کمپرومائزڈ یعنی کمزورِی نظام مدافعت کا شکار ہیں یا آپ کو صحت سے متعلقہ کچھ مسائل درپیش ہیں؟
c. کیا آپ معمّر یا اِمیونو کمپرومائزڈ یعنی کمزورِی نظام مدافعت کا شکار افراد کی دیکھ بھال کے ذمہ دار ہیں؟

سکول تک رسائی نہ پا سکنے کی صورت میں متبادل انتظامات کے لئے براہ کرم سکول کے پرنسپل سے رابطہ قائم کریں۔

2. سرپرستوں یا والدین میں سے صرف کسی ایک فرد ہی کو طے شدہ وقت پر، دیئے گئے وقت کے لئے ملاقات کی اجازت ہے۔ **فی الوقت، اسکول میں بچے ہمراہ لانے کی اجازت نہیں ہے۔**
3. سکول کے وسائل کو، لوٹاتے وقت، مخصوص کردہ میز یا جگہ پر ہی رکھیں۔ دیگر اشیاء مت چھوئیں۔ اگر آپ اگلے سال ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ میں واپس نہیں آرہے تو اا سکول سے تمام تر اطلاق پاتے، عاریتاً لیے گئے ڈیوائسز کی واپسی لازمی ہے۔
4. کنڈرگارٹن تا گریڈ 6: طلباء کی تمام اشیاء ایک تھیلا میں ڈال کر ان کے نام کی پرچی یعنی لیبل لگا کر کمرہ جماعت کے ایک ڈیسک پر رکھی جائینگی۔ **اپنے بچہ/بچوں کے ہوم روم کا کمرہ نمبر اور استاد کا نام ساتھ لانا ضرور یاد رکھیں۔**
5. ساتویں اور آٹھویں جماعتوں کے لیے:
   - لاکر میں موجود اپنا تمام سامان، سوائے سکول کی ملکیتی اشیا کے، نکالنے کے لئے، براہ کرم، گھر سے تھیلا لیکر آئیں۔
   - سکول کی ملکیتی اشیاء لاکر میں چھوڑی جا سکتی ہیں۔ کچرا پھینکنے کے لیے سکول میں کوئی جگہ مہیا نہیں ہو گی۔ تمام اشیاء گھر لے جائیں اور وہاں پھینکیں۔
   - اپنے بچہ کا لاکر نمبر اور تالا کا کمبی نیشن یعنی کھولنے کا نمبر ساتھ لے کر آئیں۔ آپ کی رسائی کے دن کے دوران، عملہ تالا کو کاٹنے کے لئے لیے میسر نہیں ہو گا۔
   - کلاس کے ہوم روم کا دورہ ضرور کریں تاکہ اپنے بچہ کے نام کی پرچی والا تھیلا جس میں اس کی کمرہ جماعت میں بھولی ہوئی ذاتی اشیاء اور سال کے اختتام سے متعلقہ سامان موجود ہو گا۔

6. براہ کرم اپنے پہنچنے/داخل ہونے سے قبل ہاتھ سینی ٹائز کر لیں۔

7. سکول پہنچنے پر براہ کرم اپنی گاڑی دوسری گاڑیوں سے کم از کم دو میٹر کا فاصلہ دے کر پارک کریں۔

8. صرف مقررہ جگہ ہی سے داخل ہوں یا باہر جائیں اور دوسروں سے دو میٹر کا جسمانی فاصلہ رکھیں پرنسپل یا مقررہ عملہ آپ کو سائن ان یا آؤٹ کریں گے۔

9. سکول میں موجود ہوتے ہوئے:

- o جس قدر ممکن ہو، سکول میں لگی ہوئی اشیاء یعنی فکس چرز (جیسے دروازہ کھولنے والا ہینڈل وغیرہ) کو چھونے سے سے احتراز کریں۔
- o اپنی کہنی میں کھانسیں یا چھینکیں اور چہرہ کو چھونے سے گریز کریں۔
- o دوسروں سے بات چیت سے احتراز کریں اور اسکول یا عمارت کی کسی بھی جگہ اکٹھے مت ہوں۔
- o دوسروں سے تمام وقت دو میٹر کا جسمانی فاصلہ برقرار رکھیں۔
- o اپنے بچوں کی اشیا/سامان جس قدر جلد ممکن ہو، اکٹھا کریں۔
- o دوسرے طلباء کے تھیلے یا اشیاء کو مت چھوئیں۔
- o اپنے تفویض کردہ وقت سے زیادہ سکول میں مت رکیں، کیوں کہ ایسا کرنے سے اگلے مقررہ والدین یا سرپرست کو اپنے وقت پر سکول میں داخل ہونے میں دیر ہو جائے گی۔

10. عمارت میں ایک ہی جگہ سے داخل ہوں اور وہیں سے باہر جائیں تا کہ آپ کو فورا "لاگ آؤٹ کرنا یقینی بنایا جا سکے۔